علامہ طالب جوہری، حق پرست صوبائی وزرا، سکھ برادری کے وفد نے مقامی اسپتال میں انورعالم کی عیادت کی

کراچی ۔۔۔30 مئی 2008ء۔۔۔ممتاز شیعہ عالم دین ومذہبی اسکالرعلامہ طالب جوہری نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ٹیلی فون پرانورعالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔علامہ طالب جوہری نے انورعالم کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء حق پرست صوبائی وزیررضاہارون، شیخ محمد افضل، سابق صوبائی مشیرخزانہ ایم اے جلیل اورسکھ برادری سے تعلق رکھنے والے سردار ہری سنگھ، سردار مجنوں سنگھ اورسردار جھونی سنگھ نے مقامی اسپتال جاکرانورعالم کی عیادت کی اوران کی خیریت دریافت کی۔وفد نے سکھ برادری کی جانب سے انورعالم کوگلدستہ پیش کیااوران کی جلد صحت یابی کیلئے دعائیں کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی اقلیتی امورکمیٹی کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

ایم کیوایم نوبشاہ زون کے کارکن اورگلشن حدید یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔30 مئی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوابشاہ زون کے کارکن نورالہٰی کی والدہ محترمہ الفت بی بی اورایم کیوایم بن قاسم سیکٹرگلشن حدید یونٹ کمیٹی کے رکن جمال عبدالناصرسرہندی کی والدہ محترمہ بی بی زینب کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

☆☆☆☆☆